نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

حکومت پنجاب کی کاشتکاروں کو معیاری زرعی زہروں وکھادوں کی مقررہ نرخوں پر فراہمی اولین ترجیح ہے۔ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان

لاہور: 22 مارچ 2023 پاکستان میں سالانہ قریباً 4 ارب 16 کروڑ روپے سے زائد پیسٹی سائیڈز کا بزنس ہو رہا ہے۔ضرورت اس امر کی ہے کہ کاشتکاروں تک معیاری کھادوں وزرعی زہروں کی دستیابی کو یقینی بنانے کیلئے فرٹیلائزر و پیسٹی سائیڈ انسپکٹرز ترجیحی بنیادوں پر کام جاری رکھیں اور زرعی کمپنیوں کے ویئر ہاؤسز اور مارکیٹوں میں معمول کی چیکنگ میں تیزی لائیں۔پیسٹی سائیڈ وفرٹیلائزر کمپنیوں کے نمائندگان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ لیبارٹریوں کی اپ گریڈیشن اور تمام زرعی گریجویٹ کی پابندی کی شرائط پر سختی سے عملدرآمد کریں۔سرکاری قوائد وضوابط پر عمل نہ کرنے والی کمپنیوں کی رجسٹریشن منسوخ کر دی جائے گی۔زرعی افسران فیلڈ میں تمام بڑی وچھوٹی مارکیٹوں کے علاوہ کھاد ڈیلرز کی دوکانوں اور سٹورز کی چیکنگ کے علاوہ مخبری کی بنیاد پر فوری کاروائی عمل میں لائیں اور کسی قسم کے دباؤ کو خاطر میں نہ لائیں۔ان خیالات کا اظہار ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب محمد شبیر احمد خان کی زیر صدارت ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد میں معیاری کھادوں وزرعی زہروں کی مقررہ نرخوں پر فراہمی کے متعلق اعلی سطحی اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع واڈپٹیو ریسرچ) پنجاب ڈاکٹر انجم علی نے کاشتکاروں تک حکومتی نرخوں پر کیمیائی کھادوں کی بروقت فراہمی بارے اقدامات اور حکومت پنجاب کی طرف سے ملاوٹ سے پاک کھادوں کے متعلق جاری مہم کی پیش رفت بارے بریفنگ دی۔اس موقع پر چیف سائنٹسٹ، سائل فرٹیلٹی لیبارٹری ٹھوکر نیاز بیگ لاہور، ڈاکٹر قاضی محمد اکرم نے شرکاء کو پنجاب کے تمام اضلاع میں قائم سائل ٹیسٹنگ لیبارٹریز کی تجزیاتی رپورٹس کے اجراء کے متعلق بریف کیا۔اجلاس میں کیمیائی کھادوں وزرعی زہروں کی سیمپلنگ کے عمل اور کورٹ کیسز میں درپیش مسائل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور انکے فوری حل کیلئے ٹیکنیکل سب کمیٹی تشکیل دی گئی۔اجلاس کے دوران ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب نے بتایا کہ صوبائی حکومت نے محکمہ پولیس کو ہدایت کی ہے وہ مخبری کی بنیاد پر ریڈ سیمپل کے عمل کے دوران فیلڈ افسران کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور عدلیہ کے اعلی حکام کو سفارش کی کہ وہ ملاوٹ سے پاک کیمیائی کھادوں اور پیسٹی سائیڈز کی فراہمی کو یقینی بنانے کیلئے حکومت پنجاب کی جاری مہم کے دوران محکمہ زراعت پنجاب کے فیلڈ افسران کی طرف سے دائر کردہ مقدمات کے ترجیحی بنیادوں پر فیصلوں کے لئے تمام ضروری اقدامات کئے جائیں تاکہ اس گھناؤنے کاروبار میں ملوث افراد کو قانون کے مطابق فوری سزائیں دلوائی جاسکیں۔اجلاس میں ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع) واڈپٹیو ریسرچ، پنجاب ڈاکٹر انجم علی، چیف سائنٹسٹ، سائل فرٹیلٹی لیبارٹری ٹھوکر نیاز بیگ لاہور، ڈاکٹر قاضی محمد اکرم، چیف سائنٹسٹ، پیسٹی سائیڈ لیبارٹری کالا شاہ کاکو، ڈاکٹر سرفراز حسین اور چیف سائنٹسٹ سائل فرٹیلٹی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، پنڈی بھٹیاں، ڈاکٹر محمد اشفاق، ڈائریکٹر زراعت (توسیع)، فیصل آباد، چوہدری عبدالحمید، ڈپٹی ڈائریکٹر، پیسٹ وارننگ فیصل آباد ریجن، ڈاکٹر عامر رسول اور ڈپٹی ڈائریکٹر ریسرچ انفارمیشن فیصل آباد، ڈاکٹر آصف علی سمیت پنجاب کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر لیبارٹری کے انچارج افسران اور فیصل آباد ریجن کے فرٹیلائزر انسپکٹرز نے شرکت کی۔ بعد ازاں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت (ٹاسک فورس) پنجاب نے ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد کے شعبہ جات دالوں، اور چارہ جات کے تجرباتی فیلڈ کا دورہ کیا اور جاری زرعی تجربات میں خصوصی دلچسپی لی اور زرعی سائنسدانوں کے کام کو سراہا۔دورہ کے آخر میں انہوں نے سائل فرٹیلٹی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، پنڈی بھٹیاں کا بھی دورہ کیا اور شورزدہ وکلراٹھی زمینوں کی بحال واصلاح کے متعلق جاری تحقیقی کام بارے معلومات حاصل کیں اور ادارہ کی طرف سے کاشتکاروں کے لئے مرتب کردہ زرعی سفارشات پر اطمینان کا اظہار کیا

☆☆☆☆